20/04/2025

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **عمر مختار** سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے صوفی ازم کو امن اور رواداری کا ایک طاقتور عنصر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ تصوف زندگی کا ایک طریقہ کا ر ہے۔ سرینگر میں ایک صوفی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سماج سے امتیاز کو دور کرنے اور دلوں کو جوڑنے میں صوفی ازم اہم کردار کا حامل ہے۔

--------- -------

کی طرف سے رام کتھا کے Pujya Murari Bapu اسی دوران لیفٹنٹ گورنر نے سرینگر میں افتتاحی پروگرام میں بھی شرکت کی ۔ اس موقعہ پر منوج سنہا نے کہا کہ رام کتھا پربھو شری رام کی راست بازی ، انصاف اور اخوت کی زبان ہے ۔

-------- ------

لیورڈے

ورلڈ لیورڈے کے موقعہ پر کل ملک بھر کے ساتھ ساتھ جموں و کشمیر میں بھی کئی تقاریب کا اہتمام کیا گیا جس دوران ماہرین نے لوگوں کو ایک صحت مند طرز زندگی اپنانے کی تلقین کی۔ اس سلسلے میں احتیاطی تدابیر کا خلاصہ کرتے ہوئے سکمز صورہ کے شعبہ
Gastroenterology کے سربراہ ڈاکٹر جی ایم گلزار نے آکا شوانی نیوز سرینگر سے آکا شوانی کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

ماہرین کا ماننا ہے کہ صحت مند طرز زندگی اپنانے اور کھانے پینے میں احتیاط برتنے سے جگر کی بیماریوں سے نجات ممکن ہے۔ اس سلسلے میں گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر کے شعبہ Gastroenterology میں ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر زیشان وانی نے کہا۔

------- -------

کولگام

ایک اہم پیش رفت کے تحت تعلیم اور انتظامی نظام میں جدت طرازی لانے کے سلسلے میں گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول قیموہ کولگام ایسا پہلا سرکاری سکول بن گیا ہے جو مکمل طور سے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے لیس ہے ۔

اس سلسلے میں ہمارے کولگام کے نمائندے خورشید پڈرو سے بات کرتے ہوئے سکول کے پرنسپل ڈاکٹر سجاد احمد میر نے بتایا کہ وہ سکول کو مستقبل کے تقاضوں کے مطابق تیار کر نے کے لئے پُرعزم ہےں۔

------ --------

ٹولپ گارڈن

موسم بہار کے چلتے ان دنوں وادی میں سیاحوں کی ایک بڑی تعداد موجود ہے۔ دیگر سیاحتی مقامات کے علاوہ ان دنوں سرینگر کے ٹولپ گارڈن میں سیاحوں کی خاصی رونق ہے۔کل مزید 19 ہزار 385 سیلانیوں نے باغ گل لالہ کی سیر کی۔ اس طرح سے اس سال اب تک مجموعی طور پر ٹولپ گارڈن جانے والے سیاحوں کی تعداد 7 لاکھ 94 ہزار 408ہو گئی ہے۔

صوبائی کمشنر کشمیر

صوبائی کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے افسروں کی ایک ایمر جنسی میٹنگ کے دوران نا ساز موسمی صورتحال کے بعد لازمی خدمات کی بحالی کے کام کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے تمام ڈپٹی کمشنروں اور دیگر متعلقین کو کنٹرول روم شروع کرنے اور زمینی سطح پر صورتحال کی نگرانی کرنے کی ہدایت دی ۔ میٹنگ میں Irrigation اور فلڈ کنٹرول کے محکمے نے مطلع کیا کہ وادی میں فی الحال سیلاب کا کوئی خطرہ نہیں ہے ۔

شاہراہ

نا ساز موسمی صورتحال کے نتیجے میں سرینگر جموں قومی شاہراہ پر ٹریفک کی آمد رفت معطل کر دی گئی ہے ۔ ہمارے کولگام کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ شاہراہ کے مختلف مقامات پر بھاری برکم پسیاں اور چٹانیں کھِسک آئی ہیں ۔

گاڑیوں کو احتیاط کے طور پر ادھمپور ، قاضی گنڈ ، بانہال اور رام بن کے مقامات پر روک دیا گیا ہے ۔ ایس ایس پی نیشنل ہائی وے عادل حمید نے آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ شاہراہ کو بحال کرنے کے لئے متعلقہ عملہ اور مشینری کام پر لگے ہوئے ہیں۔ مسافروں سے کہا گیا ہے کہ وہ نیشنل ہائی وے کی مکمل بحالی تک اس پر سفر نہ کریں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت8 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت26 اعشاریہ 2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ